الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ الک واصحبک یا حبیب اللہ

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں — یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

عقائد اہل سنت

قرآن و حدیث کی روشنی میں

- توحید
- نورانیت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- میلاد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- اختیارات مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- حیات النبی ﷺ
- شفاعت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- یارسول اللہ ﷺ کہنا
- بے مثل بشر
- علم غیب
- حاضر و ناظر
- درود و سلام
- نماز کے ضروری مسائل
- بعد نماز بلند آواز سے ذکر کرنا
- فاتحہ خلف الامام
- رفع یدین کی ممانعت
- بیس رکعت تراویح
- ایصال ثواب
- غیر اللہ سے مدد مانگنا
- دعا بعد نماز جنازہ
- گیارھویں شریف اور ختم کا ثبوت
- شرک کیا ہے؟
- بدعت کیا ہے؟

عقائد و مسائل پر شاندار بہترین کتاب

بفیضانِ نظر

پاسبان مسلک رضا نائب محدث اعظم پاکستان

باشرع قوم مولانا الحاج

پیر مفتی

محمد صادق صاحب

قادری رضوی

ابو داؤد مدظلہ العالی

امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان

از قلم

ابوالحسن حاجی محمد حبیب الرحمان نیازی قادری رضوی

ملنے کا پتہ

ادارہ رضائے مصطفےٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ

055-4217986

0333-8159523

HASSANNIAZI2000@YAHOO.COM

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ اٰلک واصحبک یا حبیب اللہ

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

عقائد اہل سنت

قرآن و حدیث کی روشنی میں

- توحید
- نورانیت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
- میلاد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
- اختیارات مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
- حیات النبی ﷺ
- شفاعت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
- یارسول اللہ ﷺ
- بے مثل بشر
- علم غیب
- حاضر و ناظر
- درود و سلام
- نماز کے ضروری مسائل
- بعد نماز بلند آواز سے ذکر کرنا
- فاتحہ خلف الامام
- رفع یدین کی ممانعت
- بیس رکعت تراویح
- ایصال ثواب
- غیر اللہ سے مدد مانگنا
- دعا بعد نماز جنازہ
- گیارھویں شریف اور ختم کا ثبوت
- شرک کیا ہے؟
- بدعت کیا ہے؟

بفیضان نظر
پاسبان مسلک رضا صاحب حجت شیخ اعظم پاکستان
ہادیٔ قوم مولانا الحاج
پیر مفتی ابو داؤد
محمد صادق صاحب
قادری رضوی مدظلہ العالی
امیر جماعت رضائے مصطفےٰ انجمن

عقائد و مسائل پر مشتمل بہترین کتاب

از قلم
ابوالحسن حاجی محمد حبیب الرحمان نیازی قادری رضوی

ملنے کا پتہ
ادارہ رضائے مصطفےٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ
055-4217986
0333-8159523
HASSANNIAZI2000@YAHOO.COM

یا اللہ — بسم اللہ الرحمن الرحیم — الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — یا رسول اللہ

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں — یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

توحید، نورانیت مصطفیٰ ﷺ، بے مثل بشر، میلاد مصطفیٰ ﷺ، علم غیب، حاضر و ناظر، اختیارات مصطفیٰ ﷺ، حیات النبی ﷺ، شفاعت مصطفیٰ ﷺ، ندائے یا رسول اللہ ﷺ، درود و سلام، نماز کے ضروری مسائل، بعد نماز بلند آواز سے ذکر کرنا، فاتحہ خلف الامام، رفع یدین کی ممانعت، بیس رکعت تراویح، ایصال ثواب، گیارہویں شریف، ختم کا ثبوت، غیر اللہ سے مدد مانگنا، شرک کیا ہے؟ بدعت کیا ہے؟ عقائد و مسائل پر مشتمل بہترین کتاب

عقائد اہل سنت
قرآن و حدیث کی روشنی میں

پاسبان مسلک رضا

نباض قوم علامہ پیر مفتی ابو داؤد محمد صادق صاحب قادری رضوی

ابو الحسن محمد حبیب الرحمان قادری نوری رضوی

ملنے کا پتہ
ادارہ رضائے مصطفیٰ
چوک دارالسلام گوجرانوالہ
☎ 055 4217986
0333-8159523

30

نہ پڑھو اور ان کے ساتھ نماز نہ پڑھو۔ (مسلم شریف، کنز العمال جلد ۱۱، ص ۳۲۴)

☆ جس نے کسی بدمذہب کی عزت کی اس نے اسلام ڈھانے (یعنی گرانے) پر مدد کی۔ (مشکوٰۃ شریف، کنز العمال، ج ۱، ص ۲۱۹)

اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں یہ تعلیمات ارشاد فرمائی ہیں کہ بدمذہبوں کی صحبت سے بچو آپ نے ان کی بُری صحبت کے نقصانات بھی بیان فرمائے ہیں۔ اب اگر کوئی شخص پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کو ٹھکرا کر بے دینوں، گستاخوں، بدمذہبوں سے دوستی رکھے تو وہ ضرور گمراہی اور ہلاکت کے راستے پر ہے۔

کچھ لوگ یہ آیت کریمہ پڑھ کر دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (پارہ ۴، سورہ آل عمران آیت ۱۰۳)

اور اللہ کی رسی مضبوط تھام لو سب مل کر اور آپس میں جدا نہ ہو جاؤ

کہتے ہیں کہ قرآن پاک میں آیا ہے کہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقوں میں نہ پڑو، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ فرقے بالکل نہیں ہوں گے۔ فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق اُمت محمدیہ میں ۷۳ فرقے ہوں گے لیکن جنتی صرف ایک ہوگا۔ اس آیت مبارکہ کا مفہوم اور اشارہ یہی ہے کہ ۷۲ گمراہ فرقوں کو چھوڑ دو اور ایک گروہ جو (اہلسنت وجماعت) جنتی ہے اس کے ساتھ ہو جاؤ دوسرے فرقوں میں نہ پڑو۔

جنتی جماعت

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "بے شک بنی اسرائیل کے بہتر فرقے ہو گئے تھے اور میری اُمت کے تہتر گروہ ہو جائیں گے جن میں سے بہتر گروہ دوزخی ہونگے اور ایک گروہ جنتی ہوگا"۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ایک جنتی گروہ کون ہے؟" فرمایا جو

میرے اور میرے صحابہ کے طریقے پر ہوگا"۔ (جامع ترمذی، جلد ۲، ص ۹۳، مشکوۃ شریف ص ۳۱، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ دوسری فصل)

حضرت ملا علی قاری علیہ الرحمۃ اسی حدیث پاک کو بیان کر کے فرماتے ہیں کہ "اس بات میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ وہ جنتی گروہ اہلسنت وجماعت ہی ہے (مرقات شرح مشکوۃ ج ۱ ص ۲۴۸) امام الاولیاء سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا" جو گروہ نجات پانے والا ہے وہ اہلسنت و جماعت ہے۔ (غنیۃ الطالبین) "تنبیہ الغافلین" میں حدیث شریف اس طرح منقول ہے (ترجمہ) عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ ایک جنتی گروہ کون سا ہے؟ فرمایا" وہ اہلسنت و جماعت ہے"۔ (الحمدللہ)

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب مخالف دور ہو
ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

واضح ہو کہ بریلوی کوئی نیا فرقہ نہیں ہے۔ یہ خالص سچے سنی کی پہچان ہے کیونکہ دیوبندیوں نے اپنے نام کے ساتھ اہلسنت والجماعت لکھ کر دھوکہ دینا شروع کر دیا ہے۔ مذہب حق اہلسنت و جماعت جو کتاب وسنت کے مطابق اور متقدمین علماء کرام سے منقول اور ثابت ہے اسی مذہب مہذب کی امام اہلسنت مجدد دین و ملت اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں بریلوی قدس سرۂ العزیز نے تبلیغ واشاعت فرمائی اور بدمذہبوں کے گستاخانہ وکفریہ عقائد سے مسلمانوں کو خبردار کیا۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق ونسبت کی وجہ سے اہلسنت کو بریلوی کہا جاتا ہے اور یہ نسبت ہی خالص اہلسنت و جماعت کی نشانی ہے۔